محمد شفیع صاحب دیوبندی نے جو ہند و پاک کے اکابر علماء میں سے ہیں یہ رسالہ مسلمانوں کو اُن کی اسی غفلت پر متنبہ کرنے کی غرض سے لکھا ہے اور اس بناء پر پہلے پورا واقعۂ شہادت از اول تا آخر کامل ابن اثیر سے اخذ کر کے لکھا ہے اور اُس کے بعد اس سے جو نتائج و عبر حاصل ہوتے ہیں اُن پر کلام کیا ہے مسلمانوں کو اس کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیئے۔

اسلامی روایات از مولانا محمد حفیظ اللہ صاحب، تقطیع خورد، ضخامت ۱۲۸ صفحات، کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ پتہ: مسلم اکاڈمی پھلواری شریف پٹنہ۔

تاریخِ اسلام ایسے واقعات سے بھری ہوئی ہے جن کو اخلاق و مکارم اور فضائل و شمائل کا سب سے بڑا شاہکار کہا جا سکتا ہے اور یہ ہونا بھی چاہیئے کیوں کہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بعثت کی غرض انھیں مکارمِ اخلاق کی تکمیل بیان فرمائی ہے۔ لائق مصنف نے انھیں بے شمار واقعات میں سے چند اہم واقعات یکجا کر کے شائع کر دیئے ہیں جن میں غیر مسلموں کے ساتھ حسنِ خلق - عفو و درگذر - عدل و انصاف - حق پسندی - مروت - فیاضی اور سخاوت - دلیری اور شجاعت وغیرہ اخلاق کا بہترین مظاہرہ کیا گیا ہے - زبان اور اندازِ بیان شگفتہ ہے اس کا مطالعہ مسلم اور غیر مسلم دونوں کے لئے مفید ہوگا۔

ادارۂ ادبیاتِ اُردو ۱۹۵۵ء میں یہ حیدر آباد دکن کا مشہور ادارہ ہے جس نے اُردو زبان کی علمی ادبی عملی ہر طرح کی بڑی شاندار خدمات انجام دی ہیں اور اب آج کل بھی نامساعد حالات میں وہ اپنا کام برابر کئے جا رہا ہے ۱۹۵۵ء کے ماہ جنوری میں اس ادارہ نے اپنی سلور جوبلی بڑی ہمت اور عالی حوصلگی کے ساتھ منائی تھی اور اس کے ساتھ ہی ادارہ کی خود اپنی عمارت کا سنگِ بنیاد بھی رکھ دیا گیا ہے۔ یہ کتابچہ اسی تقریب اور اس سے متعلقہ کارروائیوں کی روئداد ہے محمد جلال الدین صاحب مہتمم ادارہ نے اس کو مرتب کیا ہے۔ تقطیع کلاں - ضخامت ۳۶ صفحات قیمت ۸/ پتہ:- ادارۂ ادبیات - خیریت آباد حیدر آباد دکن - جو حضرات ادارہ کے کام اور نام سے واقف ہیں اُن کے لئے اس روئداد کا مطالعہ دلچسپی کا باعث ہوگا۔